# 13025- شراب پیش کرنے والے ہوٹل میں کھانا تناول کرنا

## سوال

کیا جن ہوٹلوں میں شراب پیش کی جاتی ہے وہاں کھانا تناول کرنا جائز ہے ؟

## پسندیدہ جواب

اگر تو کسی اور ہوٹل میں کھانا تناول کرنا میسر ہو تو پھر شراب پیش کرنے والے ہوٹل میں کھانا تناول کرنا جائز نہیں، کیونکہ وہاں کھانا تناول کرنے میں گناہ اور ظلم وزیادتی میں معاونت ہے، اور اللہ سبحانہ وتعالی نے ایسا کرنے سے منع فرمایا ہے.

لیکن اگر اس کے علاوہ کسی اور ہوٹل میں کھانا تناول کرنا میسر نہ ہو تو پھر ضرورت کی بنا پر وہاں کھانا تناول کرنا جائز ہے، کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اور اللہ سبحانہ وتعالی نے تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں ڈالی}. الحج (78).

اور فرمان باری تعالی ہے :

.{اللہ تعالی کسی بھی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ مکلف نہیں کرتا}. البقرۃ (286).

لیکن وہ اس ہوٹل میں وہی کچھ کھائے اور پیئے جو اللہ سبحانہ وتعالی نے اس کے لیے حلال کیا ہے، اور حرام اشیاء کے قریب بھی مت جائے.